# ماڈل پیپر "تجارتی جغرافیہ"

## برائے انٹرمیڈیٹ پارٹ-II امتحان

وقت: 20 منٹ　　　　حصہ معروضی　　　　کل نمبر: 15

سوال نمبر 1- تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیئے۔ ہر سوال کے 4 (چار) ممکنہ جواب A، B، C اور D دیئے گئے ہیں جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جز A، B، C یا D کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے ایک دائرے کو پین یا مارکر کی سیاہی سے بھر دیں۔

(i) علم جغرافیہ کی کون سی شاخ ہے، جس میں ہم دنیا کے وافر وسائل کا مطالعہ کرتے ہیں؟

(A) طبعی جغرافیہ　(B) کمرشل جغرافیہ　(C) انسانی جغرافیہ　(D) خطی جغرافیہ

(ii) ریگستانی علاقوں کے لوگ عام طور پر کون سے پیشوں کو ترجیح دیتے ہیں؟

(A) زراعت یا کاشتکاری　(B) بھیڑ بکریاں، اونٹ وغیرہ پالنا　(C) کان کنی　(D) شجر کاری یا باغبانی

(iii) مچھلی کے گوشت میں عموماً کون سے وٹامن سب سے زیادہ مقدار میں پائے جاتے ہیں؟

(A) وٹامن سی　(B) وٹامن اے　(C) وٹامن بی　(D) وٹامن ڈی

(iv) جنگلات انسانی زندگی کے ضروریات پورا کرنے کے لئے کون سی گیس فراہم کرتے ہیں؟

(A) کاربن ڈائی آکسائیڈ　(B) آکسیجن　(C) ہائیڈروجن　(D) نائٹروجن

(v) دنیا میں سوتی کپڑے کی صنعت کے لئے مشینوں کا استعمال سب سے پہلے کون سے ملک میں شروع ہوا؟

(A) جرمنی　(B) برطانیہ　(C) روس　(D) فرانس

(vi) چائے کا پودا دنیا کے کون سے ملک میں سب سے پہلے پایا گیا؟

(A) ارجنٹائن　(B) عوامی جمہوریہ چین　(C) سعودی عرب　(D) فرانس

(vii) دنیا میں سب سے سستی اور کار آمد کون سی دھات شمار ہوتی ہے؟

(A) تانبا　(B) لوہا　(C) سیسہ　(D) جست

(viii) دنیا میں پتھر کے کوئلے کا استعمال کون سے ملک میں شروع ہوا؟

(A) جرمنی　(B) عوامی جمہوریہ چین　(C) بھارت　(D) امریکہ

(ix) دنیا کے نقشے پر پاکستان کب معرض وجود میں آیا؟

(A) 23 مارچ 1940ء　(B) 14 اگست 1947ء　(C) 21 ستمبر 1945ء　(D) 20 اگست 1949ء

(x) پاکستان کی سب سے اونچی چوٹی کا کیا نام ہے؟

(A) تخت سلیمان　(B) کے ٹو گوڈون آسٹن　(C) ترچ میر　(D) کنچن چنگا

(xi) پاکستان میں غیر قدرتی یا مصنوعی جنگلات کا سب سے بڑا ذخیرہ شمار ہوتا ہے۔

(A) چیچہ وطنی　(B) چھانگا مانگا　(C) پیرووال　(D) کسووال

(xii) ہمارے ملک میں گندم کون سے موسم میں کاشت کی جاتی ہے؟

(A) موسم برسات　(B) موسم سرما کے شروع　(C) موسم گرما　(D) موسم بہار

(xiii) پاکستان میں کون سی معدنیات کی پیداوار سب سے زیادہ ہے؟

(A) سنگِ مرمر　(B) پتھر کا نمک　(C) کرومائیٹ　(D) چونے کا پتھر

(xiv) ہمارے ملک میں پن بجلی کے حصول کا سب سے بڑا کون سا منصوبہ شمار ہوتا ہے؟

(A) منگلا پن بجلی منصوبہ　(B) تربیلا پن بجلی منصوبہ　(C) وارسک پن بجلی منصوبہ　(D) مالاکنڈ پن بجلی منصوبہ

(xv) شاہراہ ریشم پاکستان کو کس ملک سے آپس میں ملاتی ہے؟

(A) بھارت　(B) عوامی جمہوریہ چین　(C) افغانستان　(D) اسلامی جمہوریہ ایران

# ماڈل پیپر "تجارتی جغرافیہ"

2

## برائے انٹرمیڈیٹ پارٹ-II امتحان

وقت: 2:10 گھنٹے | حصہ انشائی | کل نمبر: 60

## حصہ اول

**سوال نمبر 2- کوئی سے 6 سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔** 6x2=12

(i) تجارتی جغرافیہ کی تعریف کیجئے۔

(ii) معاشی سرگرمیوں کی تعریف کیجئے۔

(iii) پیداواری سرگرمیوں کو مزید کتنی شاخوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے؟

(iv) دنیا میں مچھلیوں کی پیداوار کا کتنے فیصد حصہ سمندروں سے حاصل ہوتا ہے؟

(v) قدرتی نباتات سے کیا مراد ہے؟

(vi) دنیا میں بڑے گوشت کی پیداوار کے لحاظ سے کون سا ملک سرفہرست ہے؟

(vii) صنعتوں کو ان کی وسعت کے لحاظ سے کتنے حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے؟

(viii) برِصغیر ہندوپاک کے لوگوں نے کپاس کا استعمال کب شروع کیا؟

(ix) دنیا میں عام طور پر گندم کون سے دو موسموں میں کاشت کی جاتی ہے؟

**سوال نمبر 3- کوئی سے 6 سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔** 6x2=12

(i) دنیا میں چاول کی کون سی دو اقسام کاشت کی جاتی ہیں؟

(ii) دنیا میں قدرتی ربڑ کا پودا سب سے پہلے کون سے ملک میں پایا گیا؟

(iii) دنیا میں پائی جانے والی معدنیات کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے؟

(iv) خام لوہے کو پکا لوہا بنانے کے لئے کون سے مراحل سے گزارا جاتا ہے؟

(v) دنیا کے کون سے ملک میں کوئلے کا استعمال سب سے پہلے شروع ہوا؟

(vi) پاکستان کے شمال اور شمال مشرق میں دنیا کو کون سا اہم ملک واقع ہے؟

(vii) پاکستان کو سطح کے لحاظ سے کتنے بڑے حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے؟

(viii) پاکستان میں کتنی اقسام کے موسم دیکھنے میں آتے ہیں؟

(ix) پاکستان میں پائے جانے والے جنگلات کی کتنی اقسام شمار ہوتی ہیں؟

**سوال نمبر 4- کوئی سے 6 سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔** 6x2=12

(i) مقامی مٹی کسے کہتے ہیں؟

(ii) ہمارے ملک میں کتنی اقسام کی نہروں سے استفادہ کیا جارہا ہے؟

(iii) پاکستان کے میدانی علاقوں میں کاشتکاری کون سے دو موسموں میں کی جاتی ہے؟

(iv) کپاس کے ریشہ کو روپہلی ریشہ کیوں کہا جاتا ہے؟

(v) پاکستان میں پائی جانے والی معدنیات کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے؟

(vi) آبادی کی گنجانی کسے کہا جاتا ہے؟

(vii) پاکستان میں قدرتی گیس کا سب سے بڑا ذخیرہ کب اور کہاں دریافت ہوا؟

(viii) مدت کے لحاظ سے ہجرت کو کتنی اقسام میں تقسیم کیا جاسکتا ہے؟

(ix) ہمارے ملک کے ذرائع نقل وحمل کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے؟

# حصہ دوم

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل میں سے صرف تین وسوالات کے جوابات تحریر کریں۔ 24=8x3

سوال نمبر 5۔ معاشی سرگرمیوں سے کیا مراد ہے؟ نیز ان کی اقسام کی وضاحت کیجئے۔ 8

سوال نمبر 6۔ زراعت کی تعریف کیجئے نیز زراعت کے لئے عوامل اور اس کی اقسام کی وضاحت کیجئے۔ 8

سوال نمبر 7۔ دنیا میں خام لوہے کا حصول اس کی اقسام اور پیداواری ممالک کا حال لکھیں۔ 8

سوال نمبر 8۔ پاکستان کو سطح کے لحاظ سے مختلف حصوں میں تقسیم کریں۔ نیز ایک حصہ کا تفصیلی حال لکھیں۔ 8

سوال نمبر 9۔ پاکستان میں چاول کی کاشت کون کون سے علاقوں میں کی جاتی ہے؟ وضاحت کیجئے۔ 8